- ۲۶؍ اکتوبر کو شبقدر میں جلسہ دستار بندی میں شرکت کیلئے تشریف لے گئے۔ وہاں دستار بندی کے بڑے اجتماع سے خطاب بھی فرمایا۔
- ۳۰؍ اکتوبر کو پشاور پریس کلب میں شمولیتی تقریب میں شرکت کیلئے تشریف لے گئے جس میں جناب محمد عارف معاویہ کی قیادت میں سینکڑوں نوجوان جمعیت علماء اسلام میں شامل ہوئے۔ اور مہتمم صاحب نے ملک کی موجودہ صورتحال پر خطاب فرمایا۔

وفیات:

جامعہ اسلامیہ راولپنڈی کے بانی حضرت مولانا قاری سعید الرحمٰنؒ کے داماد اور موجودہ مہتمم مولانا قاری عتیق الرحمٰن، مولانا قاری محمد انس کے بہنوئی حافظ محمد ادریس، ۲۶؍ اکتوبر بمطابق یکم محرم الحرام کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم عمر بھر جامعہ اسلامیہ کے ناظم دفتر رہے۔ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما فاضل دارالعلوم حقانیہ حضرت مولانا حافظ حسین احمد، مہتمم مدرسہ تحفیظ القرآن مردان کے والد گرامی گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ اکابرین جمعیت اور خصوصاً شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ کی خدمت میں ہمیشہ پیش پیش رہے۔ حضرت مولانا اشرف علی صاحب، مہتمم مدرسہ تعلیم الاسلام راجہ بازار کے قابل و فاضل نوجوان صاحبزادہ مولانا امان اللہ حقانی بھی جام شہادت نوش کر گئے۔ اسی طرح اہل سنت والجماعۃ کے مرکزی رہنما حضرت مولانا خلیفہ عبدالقیوم بھی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ اس کے علاوہ جمعیۃ علماء اسلام کے مولانا عبدالحئ حقانی، امیر جمعیت علماء اسلام وزیرستان کے والد محترم مولانا شیر بہادر صاحب بھی گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔ اسی طرح جمعیت علماء اسلام اور دارالعلوم حقانیہ کے انتہائی مخلص بزرگ ساتھی حضرت مولانا محمد عمر خان صاحب بھی طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب لکی مروت تعزیت کیلئے تشریف لے گئے۔ اسی طرح جمعیۃ طلباء اسلام کے انتہائی مخلص اور متحرک ساتھی جناب نوید ارشد بھی انتہائی جوانی میں بجلی کے کرنٹ لگنے سے انتقال کر گئے۔ مرحوم متعدد صلاحیتوں کے حامل انسان تھے، کم عمری میں متعدد علمی جرائد کے مدیر تھے۔ اسی طرح مرحوم حاجی رضا خانؒ کی بیوی، حاجی شریف خان کی ساس اور اسکے بعد بہن کا سانحہ ارتحال پر مہتمم صاحب و نائب مہتمم صاحب تشریف لے گئے۔ اسی طرح ماہنامہ الحق کے مخلص علم دوست جناب اشرف علی صاحب، اسسٹنٹ کمشنر انکم ٹیکس کی اہلیہ بھی گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ ادارہ ان تمام حضرات کے پسماندگان کیساتھ دلی تعزیت کرتا ہے اور انکے رفع درجات کیلئے قارئین سے دعاؤں کی اپیل کرتا ہے۔